# ماڈیول ٦

## آسمانی کتابوں پر ایمان لانا

اللہ تعالی نے انسانوں کی ہدایت کے لئے مختلف کتابیں نازل کیں، جن میں تورات، انجیل، زبور اور قرآن کریم شامل ہیں۔ آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ ہم تسلیم کریں کہ یہ کتابیں اللہ کی طرف سے ہیں اور ان میں جو ہدایات دی گئی ہیں وہ حق اور سچ ہیں۔ تاہم، قرآن کریم آخری کتاب ہے جس نے تمام پچھلی کتابوں کو منسوخ کر دیا۔ اس لئے اب ہدایت کا واحد ذریعہ قرآن کریم ہے۔

## رسولوں پر ایمان لانا

اللہ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار کے قریب انبیاء بھیجے ان میں سے تین سو پندرہ رسول تھے۔۔ ہر نبی نے اپنی امت کو اللہ کا دین پہنچایا اور ان پر ایمان لانا ضروری ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد ﷺ تک سب نبی سچے ہیں اور اللہ کی طرف سے مبعوث کیے گئے ہیں۔ ہمیں تمام انبیاء پر ایمان رکھنا ہے اور یہ یقین کرنا ہے کہ ہر نبی نے اپنی امت کو مکمل دین پہنچایا۔

## آخرت کے دن پر ایمان

آخرت کے دن پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا حق ہے۔ قبر میں عذاب یا نعمتیں ملتی ہیں، اور محشر کے دن تمام انسانوں کا حساب کتاب ہوگا۔ جو لوگ نیک اعمال کریں گے وہ جنت میں جائیں گے اور جو لوگ برے اعمال کریں گے ان کا انجام جہنم میں ہوگا۔ جنت اور جہنم دونوں پہلے سے موجود ہیں اور ان پر ایمان رکھنا ضروری ہے۔ قیامت کی نشانیوں پر ایمان لانا بھی اسی کا حصہ ہے۔

اللہ اور رسول ﷺ نے قیامت کی نشانیوں کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے: علاماتِ صغریٰ اور علاماتِ کبریٰ۔ علاماتِ صغریٰ یعنی چھوٹی نشانیاں نبی ﷺ کے زمانے سے ظاہر ہونا شروع ہو گئی تھیں اور آج تک ظاہر ہو رہی ہیں۔ ان نشانیوں میں شامل ہیں: نبی ﷺ کا مبعوث ہونا (رسول بنا کر بھیجا جانا)، جھوٹی گواہی کا عام ہونا، امانت داری کا ختم ہو جانا، زنا اور شراب کا عام ہونا، تجارت کا بڑھ جانا، اور

غریب لوگوں کا بڑی بڑی عمارتیں بنانے میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔ایک اور نشانی یہ بھی ہے کہ غلام اپنے آقا کو جنم دیں گے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اولاد والدین کے ساتھ بد تمیزی اور غلاموں جیسا سلوک کرے گی۔

علاماتِ کبریٰ یعنی بڑی نشانیاں اب تک ظاہر نہیں ہوئیں۔ان بڑی نشانیوں میں امام مہدی کا خروج شامل ہے، جو تمام مسلمانوں کے لیے قابل قبول ہوں گے اور ان کے ہاتھ پر بیعت کی جائے گی۔دجال کا نکلنا ایک بڑا فتنہ ہوگا، جس سے بچنے کے لیے نبی ﷺ نے اللہ سے پناہ مانگی۔اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا، جو دجال کو قتل کریں گے اور یاجوج اور ماجوج کے فتنے سے مسلمانوں کو بچائیں گے۔یاجوج اور ماجوج کا فتنہ اللہ کے حکم سے ختم ہوگا۔ایک اور بڑی نشانی سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے، جبکہ ایک جانور دابۃ الارض نکلے گا جو لوگوں سے گفتگو کرے گا اور ان کے اعمال کا اظہار کرے گا۔دخان (دھواں) بھی ایک نشانی ہے، جو کافروں کے لیے ہلاکت اور مومنوں کے لیے صرف زکام بنے گا۔اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ مشرق، مغرب اور جزیرہ عرب میں زمین کو دھنسائیں گے۔

## تقدیر پر ایمان لانا

تقدیر پر ایمان لانا یہ ہے کہ جو کچھ بھی اس دنیا میں ہوتا ہے، وہ اللہ کے علم اور اس کی مرضی سے ہوتا ہے۔اللہ نے ہر چیز کو لوح محفوظ میں لکھ دیا ہے اور کوئی چیز اس کے علم اور ارادے کے بغیر نہیں ہوتی۔اس پر ایمان رکھنا ایمان کے ارکان میں شامل ہے۔

## احسان کا مفہوم

حدیث جبریل میں نبی کریم ﷺ نے احسان کے بارے میں فرمایا کہ احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اسے نہیں دیکھ سکتے تو یقین رکھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔احسان کا مطلب ہر کام کو عمدہ طریقے سے انجام دینا ہے، اور عبادت میں خلوص نیت کے ساتھ اللہ کی رضا کے لئے عمل کرنا ضروری ہے۔

## احسان کی دو قسمیں

احسان کی دو قسمیں ہیں: پہلی، عبادات میں احسان یعنی اللہ کی عبادت رغبت، شوق اور عاجزی کے ساتھ ادا کرنا، سنت کے مطابق اور اللہ کی رضا کے لئے عمل کرنا۔ دوسری، مخلوق کے ساتھ احسان یعنی انسانوں کے ساتھ حسن سلوک کا رویہ اپنانا، جیسے والدین کی خدمت، دوسروں کی مدد اور لوگوں سے نرمی سے پیش آنا۔

## انسان کی تربیت اور ظاہری اعمال کی اہمیت

اسلام میں داخل ہونے کے بعد، انسان کی زندگی کا ہر پہلو اللہ کے احکامات کے مطابق ہونا چاہیے۔ ایمان اور عمل لازم و ملزوم ہیں، یعنی اگر کوئی شخص ایمان کا دعویٰ کرتا ہے لیکن ظاہری اعمال نہیں کرتا، تو اس کا ایمان کمزور ہے۔ عمل ایمان کا حصہ ہے، اور نیک اعمال سے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ برے اعمال سے ایمان کم ہوتا ہے۔

## Aasmani Kitabon par Imaan Lana

Allah Ta'ala ne insano ki hidayat ke liye mukhtalif kitaabein nazil ki, jin mein Taurat, Injeel, Zaboor aur Quran-e-Kareem shamil hain. Aasmani kitaabon par imaan lanay ka matlab yeh hai ke hum tasleem karein ke yeh kitaabein Allah ki taraf se hain aur in mein jo hidayat di gayi hain woh haq aur sach hain. Taham, Quran-e-Kareem aakhri kitaab hai jis ne tamam pichli kitaabon ko mansookh kar diya. Is liye ab hidayat ka wahid zariya Quran-e-Kareem hai.

## Rasoolon par Imaan Lana

Allah ne insano ki rehnumai ke liye aik laakh chowbis hazaar ke qareeb anbiyah bheje, un me se teen so pandrah rasool they. Har nabi ne apni ummat ko Allah ka deen pehunchaya aur unpar imaan lana zaroori hai. Hazrat Adam عليه السلام se lekar Hazrat Muhammad ﷺ tak sab nabi sachay hain aur Allah ki taraf se mab'oos kiye gaye hain. Humein tamam anbiyah par imaan rakhna hai aur yeh yaqeen karna hai ke har nabi ne apni ummat ko mukammal deen pehunchaya.

## Aakhirat ke Din par Imaan

Aakhirat ke din par imaan lanay ka matlab yeh hai ke marne ke baad dobara zinda hona haq hai. Qabr mein azaab ya naimatain milti hain, aur mehshar ke din tamam insano ka hisaab kitaab hoga. Jo log naik amaal kareinge wo jannat mein jainge aur jo log buray aamaal kareinge unka anjaam jahannum mein hoga. Jannat aur jahannum dono pehle se mojood hain aur unpar imaan rakhna zaroori hai.Qayamat ke nishanion par imaan lana bhi isi ka hissa hai.

Allah aur Rasul ﷺ ne Qiyamat ki nishaniyan do qisam mein taqseem ki hain: Alamat-e-Sughra aur Alamat-e-Kubra. Alamat-e-Sughra, yaani choti choti nishaniyan, Nabi ﷺ ke zamane se zahir hona shuru ho gayi thi aur aaj tak zahir hoti ja rahi hain. In mein kuch nishaniyan yeh hain: Nabi ﷺ ka mab'uth hona (Rasul ban kar aana), jhooti gawahi ka aam hona, amanat dari ka khatam hona, zina aur sharab ka aam hona, tijarat ka barhna, aur gareeb logon ka unchi imaratein banane mein muqabla karna. Ek aur nishani yeh hai ke ghulam apne aaqa ko janam denge, jiska matlab yeh hai ke aulad waldain ke sath badtamizi aur ghulamon jaisa salook karegi.

Alamat-e-Kubra, yaani bari nishaniyan, ab tak zahir nahi hui hain. In bari nishaniyon mein Imam Mehdi ka khurooj hoga, jo sab Musalman firqon ke liye maqbool honge aur unke haath par bait ki jayegi. Dajjal ka nikalna ek bara fitna hoga, jisse bachne ke liye Nabi ﷺ ne Allah se panaah mangi. Uske baad Hazrat Isa ka nuzool hoga, jo Dajjal ko qatal karenge aur Yajuj aur Majuj ke fitne se Musalmanon ko bachaenge. Yajuj aur Majuj ka fitna Allah ke hukm se khatam hoga. Ek aur bari nishani Suraj ka maghrib se tuloo hona hai, jabke ek janwar, Dabbatul-Arz, nikal kar logon se guftagu karega aur unke aamaal ka izhar karega. Dukhan, yaani dhuwan, ek aur nishani hai, jo

kafiron ke liye halaakat aur mominon ke liye sirf zukaam banega. Is ke ilawa, Allah teen jagah, Mashriq, Maghrib aur Jazirat-ul-Arab mein zameen ko dhansayenge.

## Taqdeer par Imaan Lana

Taqdeer par imaan lana yeh hai ke jo kuch bhi is duniya mein hota hai, wo Allah ke ilm aur uski marzi se hota hai. Allah ne har cheez ko loh-e-mahfooz mein likh diya hai aur koi cheez uske ilm aur iraaday ke baghair nahi hoti. Is par imaan rakhna imaan ke arkaan mein shamil hai.

## Ihsaan ka Mafhoom

Hadith Jibreel mein Nabi Kareem ﷺ ne ihsaan ke bare mein farmaya ke ihsaan yeh hai ke tum Allah ki ibadat is tarah karo goya ke tum use dekh rahe ho, aur agar tum use nahi dekh sakte to yaqeen rakho ke wo tumhein dekh raha hai. Ihsaan ka matlab har kaam ko umda tareeqay se anjaam dena hai, aur ibadat mein khuloos niyat ke saath Allah ki raza ke liye amal karna zaroori hai.

## Ihsaan ki Do Qismein

Ihsaan ki do qisam hain: pehli, ibaadaat mein ihsaan yani Allah ki ibadat ragbat, shauq aur aajzi ke saath ada karna, sunnat ke mutabiq aur Allah ki raza ke liye amal karna. Doosri, makhlooq ke saath ihsaan yani insano ke saath husn-e-suluk ka rawayya apnana, jaise walidain ki khidmat, dosron ki madad aur logon se narmi se pesh aana.

## Insaan ki Tarbiyat aur Zahiri Aamaal ki Ahmiyat

Islam mein dakhil hone ke baad, insaan ki zindagi ka har pehlu Allah ke ahkamaat ke mutabiq hona chahiye. Imaan aur amal laazim o malzoom hain, yani agar koi shakhs imaan ka dawa karta hai lekin zahiri aamaal nahi karta, to uska imaan kamzor hai. Amal imaan ka hissa hai, aur naik aamaal se imaan mein izafa hota hai jabke buray aamaal se imaan kam hota hai.